Vol. VI
No. 17

S.P. VI-17-75 (E)
300

THE SENATE OF PAKISTAN

DEBATES

OFFICIAL REPORT

Thursday, December 4, 1975

CONTENTS

	PAGES
Starred Questions and Answers	69
Deferred Starred Questions and Answers	85
Message From the National Assembly Re-Adoption of the Companies (Appointment of Legal Advisers) (Amendment) Bill, 1975—*Read out*	87
The Companies (Appointment of Legal Advisers) (Amendment) Bill, 1975—*Adopted*	87
Standing Committee Report Re: The Pakistan International Airlines Corporation (Amendment) Bill, 1975—*Presented* ...	92

PRINTED AT SHAN ELECTRIC PRESS, CHURCH ROAD, OLD ANARKALI, LAHORE
PUBLISHED BY THE MANAGER OF PUBLICATIONS, KARACHI
Price : *Paisa* 50

SENATE DEBATES

SENATE OF PAKISTAN

Thursday, December 4, 1975

The Senate of Pakistan met in the Senate Chamber, (State Bank Building), Islamabad, at four of the clock in the evening, Mr. Deputy Chairman (Mr. Tahir Mohammad Khan) in the Chair.

(*Recitation from the Holy Qur'an*)

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Deputy Chairman : Question No. 75.

RCD HIGHWAY PROJECT

75. ***Sheikh Umer Khan :** Will the Minister for Communications be pleased to state :

(a) whether it is a fact that the Government had planned the RCD Highway Project from Karachi to Zahidan along the Coastal areas of Pakistan, which was cancelled later, and the Highway from Karachi to Zahidan *via* Mastung is under construction ; and

(b) whether the Government have any proposal to complete the Highway mentioned in (a) above, if so when ?

Mr. Mumtaz Ali Bhutto (read by Malik Mohammad Akhtar) : (a) No. The Government had not planned the RCD Highway Project from Karachi to Zahidan along the Coastal areas of Pakistan. However, it is true that the RCD Highway from Karachi to Zahidan via Mastung is under construction.

(b) The Government has no proposal to construct a Highway Project from Karachi to Zahidan along the Coastal areas of Pakistan.

A shingle road between Ormara-Pasni-Gawadar-Jiwani is being maintained. It is also proposed to construct a shingle road between Karachi and Ormara.

شیخ عمر خان : سپلیمنٹری ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : شیخ عمر خان ۔

شیخ عمر خان : اس سلسلے میں جناب عرض ہے کہ اس زمانے میں جب یہ سڑک اوماڑہ میں بنائی گئی تھی تو خیال یہ تھا کہ کوسٹل سڑک بنائی جائے گی لیکن نامعلوم وجوہات کی بنا پر رہ گئی جیسا کہ انہوں نے فرمایا ہے - وہ سنگل روڑ بنائی جا رہی ہے آیا وہ روڑ کو جیونی تک سنگل کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں جو کہ سمندری علاقے سے منسلک ہو چکا ہے ؟

جناب ڈپٹی چیئرمین : کہاں سے جیونی تک ؟

شیخ عمر خان : کراچی سے اوماڑہ اور وہاں سے پسنی گوادر اور جیونی تک -

ملک محمد اختر (وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور) : جناب والا ! جو ریکارڈ اس وقت میرے پاس ہے اس میں یہ تفصیلات نہیں ہیں - میں محترم ممبر صاحب کی خواہشات متعلقہ وزیر اور محکمہ میں دے دوں گا -

شیخ عمر خان : جناب والا ! کیا یہ بہتر نہیں ہوگا کہ جب منسٹر صاحب خود تشریف لائیں - تو یہ سوال اس وقت اٹھایا جائے ؟

ملک محمد اختر : جناب والا ! اس صورت میں یہ جواب ہے کہ سر دست کوئی ایسی اسکیم زیر غور نہیں ہے -

جناب فاروق احمد خان لغاری : پوائنٹ آف انفارمیشن - یہ جو سوال وزیر صاحب سے کیا اس کا جواب دیا جا چکا ہے اور اس میں جواب لکھا ہے اگر وہ دوبارہ پڑھ لیں شاید وہ مطمئن ہو جائیں -

ملک محمد اختر : بس میں پڑھ چکا ہوں ، اس کو دہرانے کی ضرورت نہیں ہے -

جناب ڈپٹی چیئرمین : نہیں یہ تو مقابلے کی فضا ہے کہ آپ سوال پوچھیں اور وہ جواب دیں - اصل میں انہوں نے confuse کیا - دو سڑکیں تھیں ایک ہے آر سی ڈی ہائی وے اور ایک کوسٹل ہائی وے بنانا چاہتے ہیں -

شیخ عمر خان : میرا مقصد آر سی ڈی ہائی وے سے تھا - یہ مصدقہ ہے کہ کوسٹل سے آر سی ڈی روڈ بنا کر اسے ایران یا ترکی تک لے جایا جائے گا - یہ اسکیم تھی -

جناب ڈپٹی چیئرمین : اس کے لیے انہوں نے کہا ہے کہ کبھی یہ اسکیم گورنمنٹ کے سامنے نہیں رہی ہے - انہوں نے اس کا جواب دے دیا - اب آپ نے بتلایا ہے کہ اس میں ایک جواب تو موجود ہے کہ کچھ علاقے ہیں جہاں گورنمنٹ مرمت کر رہی ہے - اوماڑہ سے کراچی تک مزید سنگل روڈ بنانے کا ارادہ ہے -

شیخ عمر خان : یہ اس وقت بالکل ناقابل سفر ہے اور اس کو مزید بہتر بنایا جائے -

جناب ڈپٹی چیئرمین : اس کو ترقی دینے کے لئے آپ کے سامنے کوئی اسکیم ہے ؟

ملک محمد اختر : سردست نہیں لیکن جناب ممبر صاحب کے ارشاد گرامی کے مطابق یہ تجاویز متعلقہ محکمہ کو دے دی جائیں گی ۔

قاضی فیض الحق : وزیر صاحب نے شیخ صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا ہے کہ :

"The Government had not planned the RCD Highway Project from Karachi to Zahidan along the Coastal areas of Pakistan."

کیا وزیر صاحب بتاسکیں گے کہ جو کچھ ملک بھر کے اخبارات میں آیا تھا کہ کروڑوں روپے کی مشینری کوسٹل روڈ کے لیے وہاں پر ضائع ہو رہی ہے کروڑوں روپے کی مشینری جو گورنمنٹ نے امپورٹ کی تھی کیا اس اسکیم کے سلسلے میں نہیں تھی ؟ اگر اس اسکیم کے سلسلے میں نہیں تھی تو سنگل روڈ کے لیے اتنے کروڑوں روپے کی مشینری کیوں برباد کی گئی ؟

جناب ڈپٹی چیئرمین : دیکھیے یہ خبر کا منبع کہاں سے ہے ؟

قاضی فیض الحق : اگر وزیر متعلقہ موجود ہوتے تو ان کے ریکارڈ پر یہ ہوتا ۔ میں ادھر کا رہنے والا ہوں ، ہمیں علم ہے کہ وہاں پر کروڑوں روپے کی مشینری درآمد کی گئی کہ یہ کوسٹل روڈ کے لیے ہے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ کے علم میں ہے کہ کوسٹل روڈ کی تعمیر کے لیے کروڑوں روپے کی مشینری درآمد کی گئی ؟

ملک محمد اختر : جناب والا ! میرا واضح جواب ہے کہ حکومت نے کبھی بھی ایسا پراجیکٹ نہیں بنایا ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : سوال واضح ہے کہ کوسٹل روڈ کی تعمیر کے لیے کروڑوں روپے کی مشینری امپورٹ کی گئی تھی ۔

ملک محمد اختر : یہ درست نہیں ۔ حکومت ہر سڑک کی تعمیر کے لیے کروڑوں روپے کی مشینری درآمد نہیں کرتی میں صرف یہ عرض کر رہا ہوں کہ ان کی تجاویز چوں کہ بہت معقول ہیں ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : نہیں ، نہیں وہ کہتے ہیں ۔

ملک محمد اختر : میں اس کا جواب انکار میں دیتا ہوں ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : ان کا جواب یہ ہے کہ شاید اس خبر کی تائید نہیں ہوتی کہ گورنمنٹ نے کروڑوں روپے کی مشینری اس سڑک کی تعمیر کے لیے درآمد کی ۔

شیخ عمر خان : اس کے لیے تھل میں بہت بڑا ڈمپ تھا بلکہ تینوں حکومتوں نے مل کر یہ مشینری امپورٹ کی تھی اور یہ باقاعدہ اخباروں میں آیا تھا اسی کوسٹل روڈ کے لیے بہرحال میں یہ عرض کرتا ہوں کہ اگر منسٹر صاحب کو یہ معلوم نہیں ہے تو میری یہ عرض ہے کہ یہ سوال جب منسٹر صاحب موجود ہوں اس

وقت تک کے لیے ملتوی کیا جائے تاکہ وہ جواب دیں اور باقاعدہ معلومات حاصل کر کے جواب دیں ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : اگر جواب نہ دے سکتے ہوں تو اسے ملتوی کریں گے لیکن وہ جواب دے رہے ہیں ۔ ان کے ریکارڈ کے مطابق کبھی کوئی مشینری کوسٹل روڈ کی تعمیر کے لیے امپورٹ نہیں کی گئی ۔

شیخ عمر خان : جناب والا ! ہم بھی اسی طرح عرض کرتے ہیں اور ہم اس علاقے کے رہنے والے ہیں ، ہم نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے ۔

ملک محمد اختر : میری طرف سے تو مکمل انکار ہے نیا سوال دے دیں ۔

Mr. Deputy Chairman : Next question 76.

RUNWAY AT PASNI

76. ***Sheikh Umer Khan** : Will the Minister of State for Defence be pleased to state :

(a) whether it is a fact that there are at present ten PIA flights in a week to Pasni ;

(b) whether it is a fact that Pasni has a *Kacha* runway :

(c) whether it is also a fact that flights to Pasni remain suspended for weeks due to rains ; and

(d) if answers to (a), (b) and (c) above be in the affirmative, whether Government intends to construct a *Pakka* runway in Pasni ?

Mr. Aziz Ahmad :

(a) Yes.

(b) Yes.

(c) Flights to Pasni very seldom remain suspended due to rains.

(d) Civil Aviation Department is preparing a modest scheme for the provision of a *Pakka* runway at Pasni airport.

شیخ عمر خان : ضمنی سوال جناب ! اس سلسلے میں ، میں یہ معلوم کرنا چاہتا تھا کہ وہاں کچا رن وے ہونے کی وجہ سے سروس نہیں ہوتی کیوں کہ وہ زمین اتنی کچی ہے کہ ایک مرتبہ بارش ہو جانے سے وہ بالکل بیکار ہو جاتی ہے اور ہفتوں تک سروس نہیں ہوسکتی ؟

جناب ڈپٹی چیئرمین : وزیر صاحب اس سے انکار کرتے ہیں کہتے ہیں کہ یہ درست نہیں کہ اس runway کی وجہ سے flights cancel ہوئیں ۔ اور اگر ہوئیں بھی تو بہت کم ۔ مہینوں flights معطل نہیں رہتی ہیں ۔ محترم وزیر صاحب اس بات سے انکار کرتے ہیں ۔

شیخ عمر خان : جناب والا ! اب میں کیا عرض کروں ؟ میں خود اس شہر میں اکثر رہتا ہوں میں مزید ان کی خدمت میں اس سلسلے میں کچھ نہیں کہہ سکتا ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ یہ پوچھ سکتے ہیں کہ modest scheme کیا ہے - پوری اسکیم تو ہو سکتی ہے modest scheme کیا ہے ؟

شیخ عمر خان : جی ہاں ! modest scheme کیا ہے وہ کب تک بنے گی جیسا کہ گوادر میں بنائی گئی تھی - پکی کی گئی تھی اور اس کا جھنجال ختم ہو گیا اور وہاں کے لوگوں کو سہولت ہو گئی - پسنی کا رن وے تو بالکل بیکار ہو گیا ہے - اس کو کتنی مدت میں بنائیں گے - پکا کریں گے ؟

Mr. Aziz Ahmed (Minister of State for Defence and Foreign Affairs) : I cannot say how long it will take to execute the scheme but a project was prepared at a cost of about a crore and a half last year. I think, there is a good chance of this runway being metalled soon because the PAF is also interested in having a proper by good metalled run-way at Pasni. I am afraid that is all I can say at the moment. How long it will take I cannot say but there is every reason to hope that the matter will be taken in hand seriously soon.

Mr. Deputy Chairman : Next question No. 77.

TURBAT AIRPORT

77. ***Sheikh Umer Khan** : Will the Minister of State for Defence be pleased to state :

(a) whether it is a fact that the Airport Development Authority had started the construction of Turbat Airport in 1966-67 and spent Rs. 50,000 to 60,000 on the project ;

(b) whether it is a fact that the construction has been stopped ; and

(c) whether the Government have prepared any new project for construction of Turbat Airport ; if so, when it will be completed ?

Mr. Aziz Ahmed :

(a) Yes a total of Rs. 60,000 was spent both by A.D.A. and Department of Civil Aviation in 1966-67.

(b) The work was not stopped by A.D.A. The contractor himself abandoned the work in November, 1967 on the plea of unworkable rates.

(c) Yes. Department of Civil Aviation has been directed to put up a modest scheme for the provision of aerodrome facilities at Turbat.

شیخ عمر خان : جناب والا ! اس سلسلے میں میں یہ ضمنی سوال کرنا چاہتا تھا کہ اس وقت وہاں تقریباً چھ لاکھ روپے کی لاگت سے صوبائی حکومت کے توسط سے ایک اور جگہ پر کام ہو رہا ہے جیسا کہ میری گذشتہ قرار داد میں بھی وزیر صاحب نے مہربانی کر کے جوابِ دیا تھا وہ تو انہوں نے بنایا - اگر وہ اس کو مکمل کر دیں تو ہمارا پیسہ ضائع نہیں ہوگا - تو کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ وہ کب اس کام کو شروع کریں گے کیوں کہ ہوائی اڈے کی وہاں ہر دو طرف سے تین تجویزیں ہیں ؟

Mr. Deputy Chairman : The Senator means to say that there are actually three proposals—one by the civil authorities, second by the Civil Aviation and the third perhaps by the Defence Authorities ; and the civil authorities have started work over a piece of land and they want to invest six lakh rupees. Will you either guide them, assist them or supervise that work ?

Mr. Aziz Ahmed : I am not aware of any project for the establishment of an Airport by the defence Ministry but we are aware of the fact that the Baluchistan Government is also planning to construct a runway there and we are in touch with that Government in order to co-ordinate our plans with theirs. So far as we are concerned, the Civil Aviation Department has provided ten lakh rupees in the current year's budgets for this project.

Mr. Deputy Chairman : Actually, the apprehension of the Senator is that the Provincial Government will spend this money and ultimately you will say, "No, this was not the site which was selected by us." Therefore, he wants to know whether there can be any co-ordination between you, A. D. A. and the Provincial Government for a sort of joint venture or co-ordination of that work ?

Mr. Aziz Ahmed : Sir, I have answered this question in the affirmative.

جناب ڈپٹی چیئرمین : یہ صوبائی حکومت سے گفتگو کر کے اس رقم کے سلسلے میں تعاون کریں گے ۔

BALUCHISTAN QUOTA IN PIA

78. ***Qazi Faizul Haque** : Will the Minister of State for Defence be pleased to state :

(a) when Fort Sandeman (Baluchistan) will be connected by air with other cities ;

(b) the total strength of employees of P.I.A. in various cadres and the number of those who belong to Baluchistan ; and

(c) the steps taken by the Government for regulation, organisation and safety of air traffic in the country ?

Mr. Aziz Ahmad :

(a) Cannot be said with certainty as presently there is no scheme in hand for building an airstrip at Fortsandeman.

(b) Total strength of employees in P.I.A. in various cadres as on 31st October, 1975 (the latest date for which the figures are available) stood at 15409, out of these 197 belonged to Baluchistan.

(c) The Director-General Civil Aviation exercising the powers under Civil Aviation Ordinance 1960 and the Aircraft Rules.

(i) ensures the airworthiness of the aircraft by periodical inspections and issue of necessary certificates ;

(ii) enforces general safety conditions for flying in the country ;

(iii) ensures the technical standards of aircraft operating crews ; maintenance engineers and radio operators etc. through checks and a proper licencing system ; and

(iv) ensures provision of necessary facilities and navigational aids at the airports and enroute.

(d) In the fields of civil aviation the Government have entered into air services agreements with a number of African courtries thereby enabling PIA to operate its services to through those countries.

قاضی فیض الحق : سپلیمنٹری سر ! اس سوال کے (a) میں

When Fort Sandeman (Baluchis tan) will be connected with other cities by PIA ?

یہ میں نے air strip کے متعلق نہیں پوچھا تھا ۔ اس میں عرض یہ ہے کہ فورٹ سنڈیمن بلوچستان کا کوئٹہ کے بعد دوسرا بڑا شہر ہے اور اس میں کوئی airstrip بنانے کا سوال نہیں تھا ۔ بلکہ تقسیم سے پہلے کا وہاں پر air strip موجود ہے اور وہاں پر چھوٹے موٹے جہاز آ کر لینڈ کرتے رہتے ہیں پاکستان بننے کے بعد ہمارے کئی صدور مملکت وہاں آئے ہیں اور جہاز لینڈ کرتے رہے ہیں ۔ اس airstrip کو صرف improve کرنے کی ضرورت ہے سوال میں indirectly پوچھا گیا تھا کہ کیا جو پی آئی اے کی ایک ٹیم جس نے پچھلے سال سروے کیا تھا وہاں کا اور کوئی ہیلی کاپٹر سروس جیسا کہ مشرقی پاکستان میں ان دنوں چلا کرتی تھی اس کے لیے تجویز تھی ۔ خود مجھ سے مشورہ کیا گیا اور ہم نے یہ تجویز کیا کہ :

"For Sandeman be connected with other cities by PIA."

تو وہ لوگ وہ تجویز لے کر چلے گئے تو کیا وزیر صاحب فرمائیں گے کہ کیا جو airstrip وہاں موجود ہے کیا ایسی کوئی تجویز ہے کہ اس airstrip کو پکا airstrip بنایا جائے اور فورٹ سنڈیمن کو لنک کیا جائے ۔

Mr. Deputy Chairman : Actually, there are two supplementaries. No. 1, whether already an airstrip exists in Fort Sandeman, and if it is existing whether it is possible to improve the airstrip and connect it with the other stations ?

Mr. Aziz Ahmed : The airstrip is not serviceable and it will have to be an entirely new airstrip if Fort Sandeman is to be connected with other places by air.

Mr. Deputy Chairman ; What about the helicopter service ? This is the third question.

Mr. Aziz Ahmed : There is no proposal for linking Fort Sandeman at present with other places by air. I am given to understand that there is not enough traffic by air forthcoming but if the honourable Senator would supply us further material showing that connecting this place with other areas by air will be justifiable and necessary I will certainly have the matter re-examined.

An Honourable Member : Sir, now it is time for Maghreb prayers.

ملک محمد اختر : جناب اگلا question کر لیں پھر ایڈجرن کریں ۔ کیونکہ میں نے اسمبلی میں جانا ہے ۔

Mr. Deputy Chairman : Question No. 79.

SEA PORTS IN BALUCHISTAN

79. ***Qazi Faizul Haque** : Will the Minister for Communications be pleased to state the number of seaports existing on the coast of Baluchistan and the steps taken and being taken by Government for their development ?

Mr Mumtaz Ali Bhutto (read by Malik Mohammad Akhtar) : (a) No major Sea Port, as defined in the Ports Act, 1908, exists on the coast of Baluchistan.

(b) Certain coastal villages, however, are being developed by the Baluchistan Government as Fish Harbours (minor ports) which is the responsibility of Provincial Governments.

(c) The Central Government, on their part, instituted a pre-feasibility study in October 1972 for major port sites at GADANI, HINGOL, GWADAR, PASNI, ORMARA and JIWANI.

(d) The pre-feasibility report, completed in August 1974, indicated ORMARA to be technically most suitable for development as a major port, at an estimated cost of Rs. 73 crores for port facilities alone. In order to make this an economically viable project the regional economy must simultaneously be developed which would require enormous funds.

(e) The Government, therefore approved in August 1975 that :

(1) ORMARA be selected for major port development for planning purposes.

(2) Further essential investigations, required at ORMARA, be undertaken.

(3) Port construction be undertaken when funds are available and the port is economically justified.

(f) Present position is as follows :

(1) Measures to make available necessary funds through re-appropriation in current years budget for undertaking further investigations (hydraulic, water resources etc.) are being examined. These investigations would take upto two years to complete.

(2) Development of a major port at ORMARA would be undertaken when financial resources and economic justifications permit.

جناب ڈپٹی چیئرمین : قاضی صاحب ، کیا آپ ضمنی سوال پوچھنا چاہتے ہیں ۔

قاضی فیض الحق : جناب والا ! متعلقہ وزیر صاحب موجود نہیں ہیں اگرچہ ملک صاحب نے بڑی اچھی طرح سے جواب دیا ہے لیکن پھر بھی ان کو پورے نام نہیں آئے ۔

ایک معزز سنیٹر : آپ کو انہیں دعوت دینی چاہیئے ۔

قاضی فیض الحق : میں ان کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ آئیں ۔ جب متعلقہ وزیر صاحب تشریف لائیں گے تو پھر ضمنی سوال پوچھیں گے ۔

شیخ عمر خان : ضمنی سوال ۔ ان کو علاقے کی اہمیت کا پتہ نہیں ہے ان کو گدانی اور ہنگول کی اہمیت کا پتہ نہیں ہے ۔ اس کا صحیح جواب متعلقہ وزیر صاحب ہی دے سکتے ہیں کہ گوادر کی کتنی اہمیت ہے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : یہ ضمنی سوال نہیں ہے ۔ یہ تو ایک تجویز ہے ۔

ملک محمد اختر : جناب والا ! میں خود بھی متعلقہ وزیر سے درخواست کروں گا ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : شیر محمد صاحب ، آپ ضمنی سوال پوچھیں گے ؟

جناب شیر محمد خان : جناب والا ! اس ضمنی سوال میں ایک ضمنی تجویز ہے ۔

(مداخلت)

جناب کمال اظفر : کیا شیخ عمر صاحب کی دعوت وزیر صاحب نے قبول کر لی ہے ؟

جناب ڈپٹی چیئرمین : دعوت تو قاضی صاحب نے دی ہے ۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین : یہاں سے زندہ جائیں ۔ واپسی کا پتہ نہیں ۔ اب ہم ہاؤس کو پونے چھ بجے تک کے لیے ایڈجرن کرتے ہیں ۔

The Senate Stands adjurned to meet at 5.45.

Then the House adjourned to meet again at forty five minutes past five of the clock in the evening.

The Senate reassembled after Maghreb prayers, Mr. Deputy Chairman in the Chair.

Mr. Deputy Chairman : Question No. 80 Qazi Faizul Haq. It relates to the Minister for Food and Agriculture. Actually, the Minister for Food and Agriculture has requested that his questions may be taken up in his presence. Therefore, no body can reply on his behalf. So, we move on to the next and if in the meantime the Minister could manage to come we will take it. Next is No. 82. Yes, Minister for Defence. It is by Khawaja Mohammad Safdar.

CONFIRMATION OF CLASS IV STAFF

82. ***Khawaja Mohammad Safdar** (put by Qazi Faizul Haq) : Will the Minister for Defence be pleased to state :

(a) whether it is a fact that the G. H. Q. in its letter No. 1346/1/64/EI (E) dated 18th May, 1968, had ordered confirmation of casual personnel in M. E. S. etc. ; and

[Khawaja Mohd Safdar]

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, the reasons for not confirming the class IV staff of the Project Engineer of Kakul and Havelian, with thirteen to twenty-one years of service ?

Mr. Aziz Ahmed : (a) No.

(b) Does not arise.

Mr. Deputy Chairman : Next question once again relates to Ministry of Agriculture. Question No. 84, Maulana Kausar Niazi. He is also not here. (After a pause). We can wait for the Minister for Food and Agriculture. Yes, he is coming.

Shaikh Mohammad Rashid (Minister for Food and Agriculture) ; I am extremely sorry for this delay.

Mr. Deputy Chairman : It is all right. Qazi Faizul Haq, now you can ask question No. 80.

FOODGRAINS FROM ABROAD

80. ***Qazi Faizul Haque** : Will the Minister for Food and Agriculture be pleased to state :

(a) the quantity of foodgrains including sugar procured from abroad during the last three years :—

(i) on cash payment ;

(ii) under PL-480 ;

(iii) in aid (free of cost) ;

(b) the quantity of wheat and sugar allocated to Baluchistan during 1972-73, 1973-74 and 1974-75 ;

(c) whether wheat and sugar are being supplied to Baluchistan at subsidised rates ; if so, what was the financial loss borne by the national exchequer ;

(d) the target year for attaining self-sufficiency in foodgrains including sugar and the steps the Government is taking to achieve the target ; and

(e) the land that has been resumed in Baluchistan and distributed among the landless peasants thereunder the land reforms introduced by the Government ?

Shaikh Mohammad Rashid : (a) to (e) A statement is placed on the table of the House.

(a) The following quantities of foodgrains including sugar were procured from abroad during the last three years :—

—(quantity in lakh tons)—

Year			Wheat	Sorghum	Sugar
(i) On cash payment including credit					
1972-73	...	...	1.26	—	0.33
1973-74	...	...	5.26	—	—
1974-75	...	...	9.70	—	—

(ii) Under PL-480 from USA

1972-73	11.04	—	—
1973-74	3.19	0.40	—
1974-75	0.92	—	—

(iii) In aid (free of cost)

1972-73	2.34	—	—
1973-74	2.49	—	—
1974-75	1.06	—	—

(b) The following quantities of wheat and sugar were allocated to Baluchistan :—

(Lakh-tons)

Year	Quantity allocated	
	Wheat	Sugar
1972-73	1.58	0.19
1973-74	2.25	0.18
1974-75	1.59	0.22

(c) Wheat is supplied to Baluchistan on subsidized rates. The subsidy by Federal Government was as follows :—

	Rupee in crores.
1972-73	10.70
1973-74	22.49
1974-75	12.64

Sugar is supplied on "no profit no loss" basis.

(d) Self-sufficiency in wheat is likely to be achieved by 1977. The following steps are being taken to achieve this objective :—

(1) 17,000 tons of wheat seed have been imported to supply quality seed to the farmers in next season when total area will be under improved varities.

(2) Adequate availability of fertilizer is being ensured.

(3) 15,000 tractors are being imported during current year.

(4) Tubewell programme is being accelerated.

(5) Extension services to educate the farmers to impart modern cultural practices are being strengthened.

(6) Credit facilities are being provided and its procedure has been simplified.

(7) Small farmers have been exempted from the payment of land revenue.

As regards sugar, no imports are being made. The requirements are being met from local production.

[Sh. Muhammad Rashid]

(e) The details of the areas resumed and allotted in Baluchistan under the land reforms introduced by the People's Government are as under :—

			Area resumed	Area Allotted	Balance	No. of persons benefited
ML-R-115	...	...	2,92,780	1,07,533	1,85,247	5,262
ML-R-64	...	...	52,848	50,897	1,951	2,812
ML-R-117	...	...	5,36,832	1,72,557	3,64,275	9,978
	Total	...	8,82,460	3,30,987	5,51,473	18,052

Mr. Deputy Chairman : Do you want to ask supplementary question, Qazi Faizul Haq ?

Qazi Faizul Haq : Yes, Sir.

کیا وزیر صاحب یہ بتائیں گے کہ جواب کے پارٹ (b) میں جو یہ کہا گیا ہے کہ :

The following quantities of wheat and sugar were allocated to Baluchistan :

(*Lakh Tons*)

Year	Wheat	Rice
1972-73	1.58	0.19
1973-74	2.25	0.18
1974-75	1.59	0.22

۱۹۷۲-۷۳ء میں ۱٫۵۸ لاکھ ٹن گندم بلوچستان کو دی گئی اور ۱۹۷۳-۷۴ء میں تقریباً اس کا ڈبل ہوا ۱۹۷۴-۷۵ء میں ۔ حالانکہ اس سال بلوچستان میں گندم کی پیداوار بھی بہت کم ہوئی تھی تو کیا وجوہات ہیں کہ ۱۹۷۴-۷۵ء میں ۱۹۷۲-۷۳ء کی طرح ۱٫۵۸ لاکھ ٹن گندم دی گئی ؟

Shaikh Mohammad Rashid : Sir, the honourable Member should see that there was a deficit because the wheat had been supplied according to the entire satisfaction of the Government. So, the wheat was supplied according to the requirement and there was no shortage whatsoever.

جناب ڈپٹی چیئرمین : ضرورت پیش نہیں آئی تھی صوبائی حکومت نے مانگی نہیں تھی ۔ جتنی مانگی ہے اتنی دی ہے ۔ سینیٹر اسلم ۔

سردار محمد اسلم : سپلیمنٹری سر ۔ یہ اسٹیٹمنٹ جو ٹیبل پر رکھی گئی ہے اس میں ۱۹۷۲-۷۳ء میں ۰٫۳۳ لاکھ ٹن چینی درآمد کی گئی تھی ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : کس کلاز کو ریفر کر رہے ہیں ، صفحہ ۷۸ ؟

سردار محمد اسلم : صفحہ ۷۸ ۔ جو اسٹیٹمنٹ ہے اس میں صرف ۱۹۷۲-۷۳ء میں ۰٫۳۳ لاکھ ٹن چینی امپورٹ کی گئی تھی ۔ اس کے بعد ۱۹۷۴-۷۵ء میں جو ٹیبل شو کرتا ہے نہ پی ایل او کے تحت اور نہ فری کاسٹ پر کوئی شوگر امپورٹ کی گئی ۔ کیا

اس کا مقصد یہ ہے کہ چینی میں ملک خود کفیل ہو گیا ہے اور لوکل پروڈکشن ضرورت کے مطابق پوری ہو رہی ہے ؟

شیخ محمد رشید : بالکل واضح ہے لیکن بہرحال یہ تھا کہ ۔

We are grateful to the public at large that they have been kind enough to appreciate the difficulty of the Government and have been living with whatever was available to them. Now, the quota of sugar to Punjab which was reduced has already been restored. So, they are living with whatever is available.

سردار محمد اسلم : سمجھ میں نہیں آیا کہ آیا چینی میں خود کفیل ہو گئے یا لوگوں نے استعمال میں کمی کی ہے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : جتنی چینی گورنمنٹ نے گھٹا کر سپلائی کی تھی اس پر لوگ مطمئن ہو گئے ہیں ۔ اس لیے امپورٹ کی ضرورت نہیں پڑی ۔

شیخ محمد رشید : گذارش یہ ہے کہ چینی کا جتنا کوٹہ گھٹایا گیا تھا اتنا پورا کر دیا گیا ہے ۔

قاضی فیض الحق : سپلیمنٹری سر ! سوال کا جزو (e) یہ تھا :

"The land that has been resumed in Baluchistan and distributed among the landless peasants there under the land reforms introduced by the Government.

اس کے جواب میں یہاں پر فگرز دی گئی ہیں :

"The details of the areas resumed and allotted in Baluchistan under the land reforms introduced by the People's Government are as under :

Area resumed	Area allotted	Number of persons benefited.
8,82,460	3,30,987	18.052

یہ جو بیلنس ہے یہ کس کھاتے میں گیا ؟ کیا یہ زمینیں لینڈ اونرز کو دی گئی ہیں ؟

Shaikh Mohammad Rashid : That is a very simple question. The land still is, of course, in balance and that has not been allotted for the reasons enumerated as follows. Sir, there was some land which is unculturable waste and that cannot be allotted. Then, there is some land which is the subject matter of litigation and unless the litigation is decided, we cannot allot that. Then, allotment of some area was held up due to closure of roads on account of floods. The work has now started, and whatever is allottable land that will be allotted. Then, some land is in scattered pieces and they are not acceptable to the cultivators. So, these are the four reasons due to which these three lakh acres still remain to be allotted.

Mr. Deputy Chairman : It is five lakhs. Area allotted is three lakh.

Shaikh Mohammad Rashid : The balance is five lakhs.

Mr. Deputy Chairman : In the total, the difference is about five lakhs.

Shaikh Mohemmad Rashid : Yes, Sir.

Sardar Mohammad Aslam : In part (d) of the answer it has been said :

"Self-sufficiency in wheat is likely to be achieved by 1977."

The following steps are being taken to achieve self-sufficiency :

Import of better quality seed ; adequate availability of fertilizers ; and import of tractors.

تو میں جناب یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا یہ نیا بیج درآمد کیا گیا ہے نوے یا پچانوے روپے من کے حساب سے وہ تقریباً دیا جا رہا ہے -

اسی طرح ٹریکٹروں کی قیمتیں دو یا ڈھائی گنا زیادہ ہوئی ہیں - تو کیا یہ قیمتیں increase ہوئی ہیں تو کیا چیزیں خود کفالت حاصل کرنے میں مانع نہیں ہو رہیں ؟

Shaikh Mohammad Rashid : Sir, that depends on the international market. Kindly see. So far as the seed is concerned. We are getting this at our Karachi port at the rate of Rs. 168/ per maund whereas we are supplying at the rate of Rs. 70/ per maund. The rest of the amount is going to be paid as subsidy. So, the position is that this better seed will even be worthwhile at Rs. 70 because it will produce much more, Now, the N.W.F.P. Government was reluctant and they only asked for 500 tons. Now, they are asking for more and we have supplied them 300 tons more. So, the demand is there.

